
# سیاحت کی ترقی ملک کو ترقی و خوشحالی سے ہمکنار کر سکتی ہے



## رفیق خان

### چیئرمین بخاری گروپ کا خصوصی پیغام

سیاحت کا شعبہ ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ قدرت نے ہمارے ملک کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے جن میں غیر معمولی اہمیت کا حامل محل وقوع، وسیع ساحلی پٹی، سونا اگلتی زرخیز زمینیں، شمالی علاقہ جات کی شکل میں جنت نظیر وادیاں اور سب سے بڑھ کر انتہائی ذہین، محنتی اور پرعزم افرادی قوت جس نے پوری دنیا میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ بدقسمتی سے ان نعمتوں سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھایا جا سکا۔ سیاحت کا میدان ہی لے لیں سوئٹزرلینڈ جیسا چھوٹا سا ملک اس مد میں سالانہ 80 ارب ڈالر سے زیادہ کما رہا ہے تو یقیناً پاکستان بھی سیاحت کے فروغ سے بھاری زرمبادلہ حاصل کر سکتا ہے۔ اس سلسلے میں حکومت کو چاہئے کہ وہ ملک میں سیاحت کی ترقی کے لئے موثر اقدامات کرے اور ملک میں سیاحت کی ترقی کے لئے کام کرنے والے اداروں کی موثر سرپرستی کرے اور انکے معاملات کو بلاتاخیر حل کرے تاکہ یہ شعبہ ملکی معیشت کو مضبوط و مستحکم بننے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکے۔